16 تا 22 جون 2023 | شمارہ نمبر 25 | جلد نمبر 35
1989ء سے مسلسل اشاعت

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-

FAIR TRADE (Pvt) Limted
A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board
Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™
ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK
ART PAPER NEVIA
NINGBO FOLD Little Star Bleach Board
pindo deli paper products
Indah Kiat Pulp and Paper Products
SINAR
VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-3262978 6 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل





کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

BMG
بزنس مین گروپ

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# PAPERLINE

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

## HI - GRADE
## PREMIUM PAPER

# A4

**21x29.7 cm**
**500 SHEETS**

# 80
## GSM




BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM™
ISO 9001.2015 CERTIFIED

## FOR BOOKING CONTACT

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001.2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP

USE OUR PAPER, WE PLANT MORE TREES.

Our Quest Superiority has Made us
Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM

# IK Signature




**Premium Performance Paper.**

Engineered from the best pulp selection with high thickness & stiffness, whiteness, high smoothness, and brightness, IK Signature is a developed masterpiece for all your printing purposes.

With new TRUTONE Technology, IK Signature is the ultimate choice for its high performance and print quality, to make the best of your professional portfolios.

HIGH THICKNESS & STIFFNESS
premium feel for important documents

HIGH SMOOTHNESS
for truly jam-free performance

**A4**

**21x29.7 cm**
**500 SHEETS**

**80**
**GSM**

**TRUTONE**
TECHNOLOGY

پاکستان میں دستیاب
تمام برانڈز میں نمبر 1

IBM™

**International Business Management**

First ISO 9001:2015 Certified Paper Indenting Company in Pakistan
First Floor,Darul Hina Building Tayabjee Road ,
Near Burhani Hospital, Karachi -74000,UAN: 111-IBM-PAK
Ph # 92-21-32627061-63,Fax # 92-21-32629786
E-mail: saleemibn@cyber.net.pk I website : www.ibmpakistan.com

Certified Quality Management System ISO 9001: 2015

Winner of BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011 - 2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

اشاعت: بروز جمعۃ المبارک — قیمت 100 روپے

پیپر بزنس

**پبلشرز: حرا رؤف**

نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا

شمارے کے صفحات: 22 رنگین، 18 عمومی

**بانی: محمد رؤف**

ایڈیٹوریل بورڈ:

پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف

اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی

پیج میکنگ و ڈیزائننگ: عمران صدیقی

سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری

معاون: عدنان انصاری

**رابطہ آفس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر،
بلاک M، نارتھ ناظم آباد،
بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی

weeklypaperbusiness@gmail.com

فون: 0300-2933229

ویب سائٹ: weeklypaperbusiness.com

**چارجز: (سالانہ)**


بمعہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
بمعہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
کراچی پیپر مارکیٹ 1500 روپے
بمعہ ڈیجیٹل ایڈیشن 1000 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
IBAN No: PK72SUMB025602714112960

# گوانگ ڈونگ پیپر ایسوسی ایشن اور گوانگزو پیپر نمائش کا لاہور چیمبر سے اظہار تشکر

لاہور (پیپر بزنس نیوز) Guangdong Paper Association اور Guangzhou International Paper Exhibition کے صدر وینگ ژاؤ نے صدر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کاشف انور کا شکریہ ادا کیا



ہے۔ اپنے خط میں انہوں نے کہا ہے کہ گوانگ ڈونگ پیپر ایسوسی ایشن، گوانگ ڈونگ صوبے کی کاغذی صنعت میں صوبائی سطح کی واحد صنعتی تنظیم، متعلقہ پالیسیوں اور صنعت کے منصوبے بنانے میں اہم کردار ادا کرتی رہی ہے۔ سرکاری محکموں کے لیے، کاروباری اداروں کو پالیسی، ٹیکنالوجی، ماہرین، ہنر، معلومات، مارکیٹ، اور یہاں تک کہ فنانس اور سرمایہ کاری میں خدمات بھی فراہم کرتی ہے۔ گوانگ ڈونگ پیپر ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام گوانگ ژو انٹرنیشنل پیپر ایگزیبیشن، مسلسل 18 سیشنوں تک کامیابی کے ساتھ منعقد کی گئی، جسے ملکی اور غیر ملکی پیپر سازی کے اداروں اور متعلقہ اداروں کی بھرپور حمایت حاصل رہی ہے، اب یہ جنوبی چین اور یہاں تک کہ جنوب مشرقی ایشیا میں ایک صنعتی تقریب بن چکی ہے۔ خط میں مزید کہا گیا کہ خامس سعید نے پاکستانی کاغذی کمپنیوں کے اراکین کو گوانگژو بین الاقوامی کاغذی نمائش کا متعدد بار دورہ کرنے کا اہتمام کیا، اور نمائش میں پروکیورمنٹ میچ میکنگ میٹنگز منعقد کیں، جو کہ نمائش کی ایک خصوصی سرگرمی بن گئی ہے، اور چین کے درمیان دوطرفہ تجارت اور پاکستان کی کاغذی صنعت۔ ہم اس کے لیے تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں! اس کے ساتھ ہی خامس سعید کی ٹیم کے 18 ویں گوانگژو بین الاقوامی کاغذی نمائش کا دورہ کرنے پر ان کے شکر گزار ہیں۔ خط میں انہوں نے کہا کہ وہ لاہور چیمبر کے مزید ممبران کے دورہ کرنے کے منتظر ہیں۔ چین پاکستان کاغذی صنعت کے تبادلے کو ایک نئی سطح پر فروغ دینے کے لیے گوانگ ڈونگ پیپر



اور متعلقہ اداروں کے ساتھ گہرے اقتصادی اور تجارتی تعاون کو آگے بڑھانے کے لیے آنے والے تاجر گوانگزو انٹرنیشنل پیپر نمائش کا دورہ کریں گے، اور ہماری ایسوسی ایشن کے ساتھ مزید سرگرمیوں کا اہتمام کریں گے۔

# کراچی میں سمندری طوفان کا خطرہ، اراکین اپیما کو احتیاطی تدابیر کی ہدایت

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے تمام دوکانداران بالخصوص اراکین اپیما کو مطلع کیا ہے کہ محکمہ ٔ موسمیات نے کراچی میں سمندری طوفان کے باعث شدید طوفانی بارشوں کی پیشنگوئی کی ہے۔ لہٰذا اس کے نتیجے میں ہونے والے نقصانات سے بچنے کیلئے دکاندار مندرجہ ذیل احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ 1۔ تمام گودام/ ویئر ہاؤسز/ اسٹورز/ دوکانیں جو زمینی سطح کے برابر یا اس سے نیچے ہوں اور جہاں پانی کے جمع ہونے کا اندیشہ ہو وہاں سے اپنے مال کو محفوظ مقامات پر فوری طور پر منتقل کر دیں۔ 2۔ گودام/ ویئر ہاؤسز/ اسٹورز/ دوکانوں میں رات کے اوقات میں بجلی کے مین سوئچ بند رکھیں اور بجلی کی وائرنگ، سوئچ وغیرہ اچھی طرح سے چیک کروالیں۔ خراب ہونے کی صورت میں انہیں فوری طور پر درست کروالیں اور دوکان میں موجود سرکٹ بریکر میں اگر خرابی ہے تو فوری طور پر تبدیل کروالیں اور نہ ہونے کی صورت میں نیا لگوالیں۔ 3۔ ایسے تمام گودام/ ویئر ہاؤسز/ اسٹورز/ دوکانیں جن کے سامنے کوڑا کرکٹ/ کچرا وغیرہ جمع ہو وہ اجتماعی اشتراک سے اس کی صفائی کروالیں تاکہ نکاسی آب بغیر کسی رکاوٹ کے ہوسکے اور بارش کے دوران وہاں پانی جمع نہ ہو۔

## اردو بازار ٹریڈرز ایسوسی ایشن کی دکانداروں کو ہدایت

کراچی (پیپر بزنس نیوز) اردو بازار ٹریڈرز ایسوسی ایشن کراچی نے تمام دکانداروں کو مطلع کیا ہے کہ وہ درآمدی آئٹم (پیپر/ اسٹیشنری) خریدتے وقت اس کا بل ضرور لیں اور بیچنے والے پر واضح کردیں کہ مال نان کسٹم پیڈ نہ ہو۔ ایک اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ آج کل علاقہ پولیس اور کسٹم پولیس کی طرف سے لوڈ مال کی گاڑی پکڑ کر کاغذات چیک کئے جا رہے ہیں، اردو بازار ٹریڈرز ایسوسی ایشن آپ کی مدد صرف اسی صورت کر سکے گی جب آپ کا مال کسٹم پیڈ ہوگا اور اس کا باقاعدہ بل آپ کے پاس موجود ہوگا۔ بغیر کسٹم پیڈ کئے ہوئے مال کی ایسوسی ایشن کسی قسم کی آپ کی مدد کرنے سے قاصر ہوگی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# اپیما سدرن زون کی شاندار روایتی عید ملن 2023 کا شاندار انعقاد

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن سدرن زون کی روایتی شاندار عید ملن تقریب 6 جون 2023 بمطابق 17 ذیقعدہ 1444ھ مقامی بینکوئٹ ہال میں منعقد ہوئی۔ فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر حاجی محمد یعقوب سمیت پیپر مارکیٹ کی بینکوں کے اعلیٰ افسران، پی آئی سی ٹی کے افسران، سینئر پرنٹرز، سینئر پیپر مرچنٹس سمیت اراکین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب عید ملن کے انعقاد میں تاخیر سے اراکین نے اسے دونوں عیدوں کی خوشی کے طور پر محظوظ کیا۔ تقریب عید ملن میں داخلہ بذریعہ کارڈ کیا گیا تھا اور گیٹ پر کارڈ چیک کر کے داخلے کی اجازت دی گئی تھی۔ ایک ممبر کو ایک کارڈ جاری کیا گیا تھا 500 سے زائد تقریب میں مہمانوں نے شرکت کی۔ تقریب نہایت منظم اور ہال کا ماحول نہایت خوبصورت تھا جسے ممبران نے سراہا۔ پیپر مرچنٹس کی یہ 28ویں عید ملن کو شرکا نے یادگار قرار دیا اور کہا کہ اپیما نے اراکین کی ایک بار پھر شاندار طریقے سے عزت افزائی کی جس پر محمد سلیم بیکیا اور ان کی ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے۔ چیئرمین بزنس مین پینل اور سابق چیئرمین اپیما محمد سلیم بیکیا، اپیما سدرن زون کے عہدیداروں صدر سید شاہنواز علی، محمد رضا شیخ، سینئر وائس چیئرمین اپیما محمد انیس اور دیگر اراکین ایگزیکٹو کمیٹی نے مہمانوں کا استقبال کیا۔ اراکین کی تواضع پر تکلف کھانوں سے کی گئی۔ شرکا اس موقع پر ایک دوسرے سے ملاقاتیں کرتے رہے اور تقریب میں ایک گھنٹہ تک اراکین کی آمد کا سلسلہ جاری رہا۔ عید ملن تقریب میں سابق چیئرمین عبداللہ زبیر، ناصر قاسم، شہزاد احمد، یحییٰ باری، صدر الدین جیوانی، عرفان اللہ والا، محمود حسین، محمد طاہر، عابد نثار، ایس ایم صلاح الدین، ایس ایم نصیر الدین عدیل الیاس، سید لیاقت علی، محمد ویانی، عبدالرحمن التجاری، ارشد زئی، شفقت حسین، سابق صدور اظہر حسین، محمد شعیب کے علاوہ محمد احمد اظہر، شبیر حسین، آفتاب حسین، مرتضیٰ، محمد اقبال محمد یوسف، فہیم شمیم رحمانی، حاجی نور محمد عثمان بیکیا، محمد شکیل سمیت اراکین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ سمٹ بینک، جے ایس بینک، ایم سی بی اسلامک بینک، بینک اسلامی، میزان بینک کے افسران اور پی آئی سی ٹی کے کمال صدیقی نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا نے عید ملن میں تمام مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ انہوں نے کہا کہ آج کی حاضری نے ایک بار پھر ثابت کر دیا ہے کہ پوری پیپر مارکیٹ بزنس مین پینل کے سائے تلے متحد ہے۔ محمد سلیم بیکیا نے اس موقع پر ہال میں موجود بینک افسران سے کہا کہ وہ پیپر کے درآمد کنندگان کے ساتھ ایل سی دستاویزات کی کلیرنس میں تعاون کریں اور انہیں غیر ضروری طور پر پریشان نہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ یہ ملک پر مشکل وقت ہے آج آپ ہمارے ساتھ تعاون کریں گے تو آگے حالات بہتر ہونے پر وہ بھی ان کے ساتھ ہوں گے۔ بصورت دیگر بینکوں کو مستقبل میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ انہوں نے ایک بار پھر مطالبہ کیا کہ ہمارے کیش مارجن پر ہمیں مارک اپ دیا جائے اور اس سلسلے میں بینک اپنا کردار ادا کریں۔ محمد سلیم بیکیا نے مزید کہا کہ پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کا ایک شاندار کارنامہ یہ بھی ہے کہ 2003 سے پھنسے ہوئے اپیما کے امپورٹرز کے کلیم کو کسٹم سے واپس لیا جا رہا ہے اور اس میں اکثریت کے چیک موصول ہو گئے ہیں۔ محمد سلیم بیکیا نے کہا کہ آج کی تقریب کا انعقاد ہماری نئی قیادت نے کیا ہے اور بہت ہی شاندار انتظامات کئے ہیں جن میں رضا شیخ، علی حیدر، محمد احمد، احمد اظہر، حاجی نور اور دیگر شامل ہیں۔ تقریب کے انعقاد میں تعاون پر آئی بی ایم، اسلم جیلانی، صدر الدین جیوانی، انیس نور محمد، محمد نثار، یحییٰ باری اور عابد نثار کا شکریہ ادا کیا گیا۔

# اسمگل شدہ کاربن لیس پیپر اور اسٹیکر خریدنے و بیچنے والوں کو اپیما کا انتباہ

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ایک سرکلر کے ذریعے آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے پیپر مارکیٹ کراچی، لاہور، پشاور اور کوئٹہ سمیت دیگر شہروں کے تمام دکانداران بالخصوص اراکین اپیما کو مطلع کیا ہے کہ ڈائریکٹر جنرل انٹیلی جنس وانویسٹی گیشن، ایف بی آر، ریجنل آفس کراچی کی ایک ٹیم نے اپیما سے رابطہ کیا اور اپیما کراچی دفتر کا دورہ کیا۔ ڈی جی آئی اینڈ آئی کی ٹیم نے پیپر مرچنٹس کے عہدیداران کو بتایا کہ مصدقہ اطلاعات ہیں کہ پیپر مارکیٹ کے بعض دکاندار افغانستان سے اسمگل شدہ کاربن لیس پیپر، اسٹیکر پیپر، فوٹو کاپی پیپر اور دیگر پرنٹنگ میٹریل کی خرید وفروخت میں ملوث ہیں۔ ٹیم نے مزید بتایا کہ کسٹم انٹیلی جنس نے چند نجی گوداموں پر چھاپے مارے ہیں اور چند افغان شہریوں اور ان کے مقامی سہولت کاروں/ ایجنٹوں/ اور دکانداروں کو گرفتار کیا ہے جنہوں نے یہ تسلیم کیا ہے کہ وہ 40-50 کنٹینرز روزانہ پیپر مارکیٹ کے دکانداروں کو فروخت کر رہے ہیں، اس موقع پر ٹیم نے عہدیداران کو بعض دکانداروں کے نام بھی بتائے جو ان اسمگل شدہ اشیاء کی خرید وفروخت میں نمایاں ہیں۔ سرکلر میں کہا گیا ہے کہ اجلاس میں آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے پیپر مارکیٹ کے دکانداروں کا مکمل دفاع کرتے ہوئے اس بات کی تردید کی کہ مارکیٹ میں ان اشیاء کی کھلے عام فروخت ہو رہی ہے اور اس مذموم غیر قانونی کاروبار میں ملوث ہیں۔ اپیما نے ٹیم کو مختلف جی ڈیز کے ذریعے کسٹم کا امپورٹ ڈیٹا بھی پیش کیا۔ اپیما نے آئی اینڈ آئی کی ٹیم کو مزید بتایا کہ ہمارے دکاندار اسٹیکر اور کاربن لیس پیپر بغیر کسٹم جی ڈی اور سیلز ٹیکس انوائس کے مال نہیں خریدتے ہیں۔ سرکلر میں مزید کہا گیا ہے کہ اس سلسلے میں اپیما اس غیر قانونی کام میں ملوث تمام دکانداروں بالخصوص اپنے ممبران کو ان کے اپنے مفاد میں متنبہ کرتی ہے کہ وہ اس غیر قانونی تجارت اور حرام کام سے باز رہیں اور اگر کوئی شخص/ دکاندار پیپر سے متعلق اسمگل شدہ اشیاء کی خرید وفروخت میں ملوث پایا گیا تو اپیما خود اس کی اطلاع کسٹم انٹیلی جنس کو بلا جھجک فراہم کر دے گی اور ملوث دکاندار کے خلاف کسٹم انٹیلی جنس یا دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائی کے نتیجے میں ہونے والے نقصانات اور پریشانیوں کا خود ذمہ دار ہوگا اور اپیما اس کی کوئی مدد نہیں کرے گی۔ اپیما نے کہا ہے کہ لہٰذا تمام دکاندار درآمدی اشیاء کی خریداری قابل اعتبار دکاندار/ امپورٹر سے اس کی قانونی درآمد کے ثبوت کے ساتھ کریں تا کہ مستقبل میں کسی بھی پریشانی سے بچا جا سکے۔


# 17 جون سے کے پی ٹی، پی آئی سی ٹی کا چارج سنبھالے گا

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) حکومت نے میری ٹائم افیئرز کی سمری کی اصولی منظوری دے دی ہے جس کے مطابق کراچی پورٹ ٹرسٹ 17 جون 2023 کو معاہدے کی میعاد ختم ہونے کے بعد پاکستان انٹرنیشنل کنٹینر ٹرمینل (پی آئی سی ٹی) کا چارج سنبھال لے گا۔ وزارت خزانہ کے سرکاری اعلامیہ کے مطابق وزیر خزانہ اسحاق ڈار کی صدارت میں انٹر گورنمنٹل کمرشل ٹرانزیکشن کا پہلا کابینہ اجلاس ہوا۔ وفاقی وزیر برائے بحری امور سید فیصل علی سبزواری، وفاقی وزیر توانائی خرم دستگیر خان، وفاقی وزیر قانون وانصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ، وزیر مملکت برائے پیٹرولیم مصدق ملک، معاون خصوصی برائے خزانہ طارق باجوہ، معاون خصوصی برائے حکومتی امور ڈاکٹر محمد جہانزیب خان، سیکرٹری خزانہ، سیکرٹری میری ٹائم افیئرز، سیکرٹری قانون وانصاف اجلاس میں دیگر سینئر افسران نے اجلاس میں شرکت کی۔ سی سی او آئی جی سی ٹی نے کنٹینر ٹرمینل کو چلانے کے لئے پاکستان انٹرنیشنل کنٹینر ٹرمینل (پی آئی سی ٹی) کے ساتھ کے پی ٹی کے موجودہ 21 سال پرانے رعایتی معاہدے کے بارے میں وزارت بحری امور کی سمری پر غور وخوض کیا جو 17 جون 2023 کو ختم ہونے جا رہا ہے۔ کمیٹی نے وزارت بحری امور کے اس فیصلے کی توثیق کی کہ 17 جون 2023 کو پی آئی سی ٹی کے ساتھ معاہدے کی میعاد ختم ہونے کے بعد کے پی ٹی کنٹینر ٹرمینل کی سرگرمیوں کو چلانے کا چارج سنبھال لے گا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی شاندار عید ملن تقریب 2023













آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن سدرن زون کی عید ملن تقریب منگل 6 جون 2023 کو مقامی بینکوئٹ ہال میں کراچی میں منعقد ہوئی، اس موقع پر لی گئی تصاویر میں بڑی تعداد میں شرکاء نظر آرہے ہیں۔ چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا تقریب سے خطاب کررہے ہیں، محمد رؤف نظامت کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ دیگر شرکاء میں ایس ایم صلاح الدین، ایس ایم نصیر الدین، صدر سید شاہنواز علی، محمد شعیب، سینئر وائس چیئرمین محمد انیس، محمود حسین، محمد یوسف، اظہر حسین، محمد طاہر، عابد نثار، شفقت حسین، رضا شیخ، محمد احمد، حاجی نور، علی حیدر، فیصل حسین، ناصر قاسم، احمد اظہر، عدیل الیاس، فیصل، جاوید، حاجی یعقوب، کاشف اشفاق ودیگر نمایاں ہیں۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# پنجاب کے بڑے بزنس مین اکٹھے ہوجائیں، میں سرمایہ کاری کی گارنٹی دیتا ہوں، آصف علی زرداری

لاہور (نیوز ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین اور سابق صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پنجاب کے بڑے بزنس مین اکٹھے ہوجائیں، میں سرمایہ کاری کی گارنٹی دیتا ہوں، پاکستان میں آگے بڑھنے کی صلاحیت موجود ہے ۔ بدھ 7 جون 2023 کو یہاں فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز (ایف پی سی سی آئی) ریجنل آفس لاہور میں چارٹر آف اکانومی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے آصف زرداری نے کہا کہ پہلے لوگوں کو امیر کرو، پھر ٹیکس لگاؤ، پیپلز پارٹی نے ہمیشہ تاجر برادری کا خیال رکھا ہے۔آصف زرداری نے کہا کہ معیشت کی بہتری ہماری آنے والی نسلوں کیلئے ضروری ہے، پاکستان میں اب بھی آگے جانے کی صلاحیت ہے، ملک میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے فروغ کی ضرورت ہے۔سابق صدر نے کہا کہ 70 سال سے گوادر ہے، کسی کو نظر نہیں آرہا تھا، معیشت پانچ، دس سال کیلئے نہیں نسلوں کیلئے بنانی پڑتی ہے۔شریک چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ میثاق معیشت پر بات کرنے کی ضرورت ہے، معیشت کی بہتری ہماری آنے والی نسلوں کیلئے ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ میں گھر سے زیادہ جیل میں رہا ہوں۔آصف زرداری نے یہ بھی کہا کہ ایکسپورٹ بڑھنے سے مسائل حل ہوتے ہیں، غیر ملکی سرمایہ کار پیسہ لگاتا ہے تو پیسہ لے کر بھی جاتا ہے۔سابق صدر نے مزید کہا کہ چین کا معاشی منصوبہ 50 برس کا ہے، ہمیں بھی مستقبل کی منصوبہ بندی کرنا ہوگی، معاشی منصوبہ بندی چند دنوں کیلئے نہیں سالوں کیلئے ہوتی ہے، نوآبادیاتی نظام کے معاشی طریقہ کار سے جان چھڑوانا ہوگی۔آصف زرداری نے کہا کہ جو کام کاروباری لوگ کرسکتے ہیں وہ حکومت نہ کرے، کاروباری حضرات سے پیسا کمانے کے بعد ٹیکس لیا جائے، ہمیں انفرادی کے بجائے اجتماعی سطح پر سوچنا ہوگا، یہ اہم نہیں آپ کتنی دیر زندہ رہتے ہیں، یہ اہم ہے کہ کتنا کام کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ برآمدات بڑھا کر ہی مسائل حل ہو سکتے ہیں، پاکستان 4 دہائیوں سے 40 لاکھ افغان بھائیوں کی میزبانی کر رہا ہے، مائنڈ سیٹ سے نکل کر معیشت کیلئے کام کرنے کی ضرورت ہے۔اس موقع پر صدر ایف پی سی سی آئی عرفان اقبال شیخ نے کہا کہ چارٹر آف اکانومی بہت ضروری ہے۔جب تک معیشت مضبوط نہیں ہو گی کوئی بھی عزت نہیں دے گا۔معیشت ملک کی سب سے پہلی ترجیح ہونی چاہیے۔اس وقت پاکستان میں افراط زر اور بیروزگاری جیسے مسائل کا سامنا ہے۔ہمیں یقین ہے کہ چارٹر آف اکانومی کو اپنانے سے پاکستان ترقی کرے گا۔اس موقع پر ایف پی سی سی آئی صدر نے آصف علی زرداری کو معیشت پر پریزنٹیشن پیش کی۔سابق صدر کو مختلف سیکٹرز میں پاکستان کے دنیا میں موازنہ پر پریزنٹیشن دی گئی۔عرفان شیخ نے مزید کہا کہ ہمیں ایکسپورٹس بڑھانے اور اوورسیز پاکستانیوں کیلئے پالیسی بنانا ہوگی۔انرجی سکیورٹی اور زراعت پر کام کرنے کی ضرورت ہے۔میاں انجم نثار سابق صدر ایف پی سی سی آئی، نائب صدر سارک چیمبر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امید تھی کہ جب ریونیو انرجی آئے گی تو مسائل حل ہوں گے، مگر ریٹس بہت زیادہ ہیں۔امپورٹ کے متبادل لانا بہت ضروری ہے۔

# مقامی ڈپلیکس بورڈ اور درآمدی بلیچ بورڈ کی قیمتوں میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے مندی رہی اور 14 جون 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں مقامی ڈپلیکس بورڈ فوجی، چیتا کوٹڈ بورڈ ، لاثانی نیچرل، میگا ٹاپ ، بلھے شاہ کوٹڈ پاک میٹ ، درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ ، پنڈو ڈیلی اور ایلی کنگ پرو کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو ردوبدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ رہی کہ مقامی ڈپلیکس بورڈ فوجی تمام سائز تمام گرام، 165 روپے سے کم ہو کر 160 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔مقامی ڈپلیکس بورڈ چیتا کوٹڈ بورڈ تمام سائز تمام گرام، 212 روپے سے کم ہو کر 204 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔مقامی ڈپلیکس بورڈ لاثانی نیچرل تمام سائز تمام گرام، 188 روپے سے کم ہو کر 182 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔مقامی ڈپلیکس بورڈ میگا ٹاپ تمام سائز تمام گرام، 163 روپے سے کم ہو کر 160 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔بلھے شاہ کوٹڈ پاک میٹ تمام سائز تمام گرام 320 روپے سے کم ہو کر 302 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 398 روپے سے کم ہو کر 395 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی انڈونیشیا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 402 روپے سے کم ہو کر 390 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔بلیچ بورڈ ایلی کنگ پرو چائنا شیٹس تمام سائز تمام گرام ، 405 روپے سے کم ہو کر 400 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا 20x30 سائز ، 4000 روپے سے بڑھ کر 4050 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## بینک اکاؤنٹس ضبط کر کے رقوم نکلوانا غیر قانونی ہے، ٹیکس ایڈوائزر

لاہور (بزنس ڈیسک) پاکستان ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ ایف بی آر انکم ٹیکس کے سیکشن 147، 140 اور سیلز ٹیکس کے سیکشن 40، 38 پر قانون کے مطابق عملدرآمد یقینی بنائے، کونفیسکیٹوری اسیسمنٹ آرڈر اور بنک اکاؤنٹس ضبط کر کے رقوم نکلوانا غیر قانونی ہے۔ایسوسی ایشن کے صدر میاں عبدالغفار اور جنرل سیکرٹری خواجہ ریاض حسین نے اپنے بیان میں کہا کہ باقاعدگی سے ٹیکس دینے والوں کو اس وقت معلوم ہوتا ہے جب ان کے اکاؤنٹس خالی ہوجاتے ہیں۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34    23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# بجٹ 24-23: قرآن کی طباعت کے لئے پیپر اور آرٹ کارڈ پر کسٹم ڈیوٹی ختم

## کمرشل امپورٹرز اور سپلائیرز پر ودہولڈنگ ٹیکس میں بالترتیب آدھا اور ایک فیصد اضافہ

## نان فائلر پر بینک سے رقوم نکالنے پر دوبارہ ودہولڈنگ ٹیکس نافذ، سولر توانائی کی اشیاء پر ٹیکسز میں چھوٹ، اسحاق ڈار نے بجٹ پیش کر دیا

اسلام آباد (پیپر بزنس خصوصی رپورٹ) وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے موجودہ حکومت کا دوسرا بجٹ 9 جون 2023 کو قومی اسمبلی میں پیش کر دیا۔ بجٹ میں قرآن کی طباعت میں استعمال ہونے والے پیپر اور آرٹ کارڈ پر کسٹم ڈیوٹی ختم کر دی گئی ہے۔ بجٹ کی خاص خاص باتیں ذیل میں دی جا رہی ہیں۔

☆ بجٹ کا حجم 144 رکھرب 60 رارب روپے کا، جس میں 69 رکھرب 24 رارب روپے کا خسارہ ہے جبکہ بجٹ کا تقریباً نصف حصہ 73 رکھرب 3 رارب روپے قرض اور سود کی ادائیگیوں کیلئے مختص کیا گیا ہے۔ تاہم 11 رکھرب 5 ارب روپے کا ترقیاتی پروگرام رکھا گیا ہے ، ایف بی آر کیلئے ٹیکس وصولیوں کا ہدف 92 رکھرب ہے۔ بجٹ میں 223 رارب روپے کے اضافی ٹیکس عائد کر دیئے گئے ہیں اور محصولات کی وصولی کا بڑا حصہ انکم ٹیکس کے ذریعے حاصل کیا جائے گا۔

☆ کم از کم اُجرت 32 ہزار روپے کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔

☆ نئے بجٹ کے تحت پرانے بلب اور روایتی پنکھے مہنگے ہوں گے۔

☆ سمندر پار پاکستانیوں کیلئے پراپرٹی خریدنے پر ٹیکس میں کمی گئی ہے۔

☆ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں کم سے کم اجرت 25 ہزار روپے ماہانہ سے بڑھا کر 32 ہزار روپے ماہانہ کر دی گئی ہے۔

☆ دفاع کے لیے 1804 ارب روپے ، سول انتظامیہ کے اخراجات کے لیے 714 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔

☆ آئندہ مالی سال جی ڈی پی کی شرح 3.5 فیصد رہنے کا تخمینہ ہے جبکہ اوسط مہنگائی کی شرح کا اندازہ 21 فیصد لگایا گیا ہے۔

☆ اگلے سال برآمدات کا ہدف 30 ارب ڈالر اور ترسیلات زر کا ہدف 33 ارب ڈالر ہوگا۔

☆ سپلائز ، کنٹریکٹ اور خدمات پر ود ہولڈنگ ٹیکس کی شرح میں ایک اضافہ کیا گیا ہے۔

☆ انفرادی سطح پر، کمپنیوں ، ایسوسی ایشن آف پرسنز پر ودہولڈنگ ٹیکس کی شرح میں ایک فیصد اضافہ کیا جائے گا۔

☆ سروسز پر ٹیکس کی شرح میں ایک فیصد اضافہ کیا جائے گا۔

☆ سپر ٹیکس کے لیے کم سے کم حد 15 کروڑ روپے مقرر کی گئی ہے۔

☆ کمرشل درآمدات پر ودہولڈنگ ٹیکس کی شرح میں 0.50 فیصد اضافہ کرنے کی تجویز ہے، لسٹڈ اور نان لسٹڈ کمپنیوں پر 10 فیصد ٹیکس عائد کرنے کی تجویز ہے۔

☆ نان فائلر کی بنکوں سے 50 ہزار روپے سے زائد کی ٹرانزکشن پر 0.6 فیصد ٹیکس عائد کر دیا گیا ہے۔

☆ کریڈٹ کارڈ، ڈیبٹ کارڈ اور بینکنگ چینلز کے ذریعے غیر ملکی کرنسی کو باہر بھیجنے کے لیے فائلر پر ود ہولڈنگ ٹیکس کی شرح ایک فیصد سے بڑھا کر 5 فیصد کر دی گئی اور نان فائلر پر 10 فیصد ٹیکس عائد کیا گیا ہے ، چمڑے اور ٹیکسٹائل کی مصنوعات کے ٹیئر ون کے ریٹیلرز پر جنرل سیلز ٹیکس کی شرح 12 فیصد سے بڑھا کر 15 فیصد کر دی گئی ،اس طرح تمام برانڈڈ کپڑے اور چمڑے کے آؤٹ لیٹس پر اشیاء مہنگی ہوں گی۔

☆ ٹیئر ون ریٹیلرز کے لیے کورڈ رقبہ پر ٹیکس کی شرط ختم کر دی گئی ہے۔

☆ پرانی اور استعمال شدہ 1300 سی سی سے اوپر کی گاڑیوں پر ڈیوٹی اور ٹیکسوں کی کیپنگ ختم کر دی گئی ہے۔ گلاس کی مختلف اقسام کی درآمد پر 15 فیصد سے 30 فیصد تک ریگولیٹری ڈیوٹی عائد کر دی گئی۔

☆ وفاقی دارالحکومت میں ڈیجیٹل ادائیگیوں کی حوصلہ افزائی کیلئے ریسٹورنٹ پر کریڈٹ کارڈ کے ذریعے رقم ادا کرنے ٹیکس کی شرح 15 فیصد سے کم کر کے 5 فیصد کر دی گئی ہے۔

☆ سولر پینل سستے ہوں گے ، سولر پینل کی مینوفیکچرنگ کے خام مال پر کسٹمز ڈیوٹی ختم ، سولر پینل کی مشینری کی درآمد پر بھی کسٹمز ڈیوٹی نہیں دینا ہوگی۔ بیٹریز کی تیاری میں استعمال ہونے والے خام مال پر بھی ڈیوٹی ختم کر دی گئی، انورٹر کے خام مال پر بھی ڈیوٹی کا خاتمہ کر دیا گیا ہے۔

☆ لیدر کے جوتے ، جیکٹس اور پرس پر سیلز ٹیکس بارہ سے بڑھ کر پندرہ فیصد کر دیا گیا۔

☆ سینیٹری، ڈائپرز اور نیپکنز کے خام مال پر کسٹمز ڈیوٹی ختم کر دی۔

☆ مولڈز اینڈ ڈائیز کی تیاری کے لئے خام مال پر کسٹمز ڈیوٹیز میں استثنیٰ دینے کی تجویز شامل ہے۔

☆ دیہی علاقوں میں لگائے جانیوالے ایگرو کے انڈسٹریل یونٹس جن کی سالانہ آمدن 80 کروڑ روپے تک ہو گی ان کو تمام ٹیکسوں سے پانچ سال کے مکمل استثنیٰ ہوگا۔

☆ فری لانسر کو ماہانہ سیلز ٹیکس گوشوارے جمع کرنے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑتا تھا، کاروباری ماحول میں آسانیاں پیدا کرنے کیلئے 24 ہزار ڈالر تک سالانہ کی برآمدات پر فری لانسر کو سیلز ٹیکس رجسٹریشن اور گوشواروں سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے۔

☆ ایس ایم ای کے ٹیکس مراعات کے نظام کو وسعت دے کر ٹرن اوور 25 کروڑ روپے سے بڑھا کر 80 کروڑ روپے کر دیا گیا ہے۔

☆ عام لوگوں کو نئے گھر اور عمارتوں کی تعمیر پر مراعات دینے کے لئے آئندہ تین سال تک تعمیراتی کمپنی کی کاروباری آمدن پر ٹیکس کی شرح میں 10 فیصد یا پچاس لاکھ روپے دونوں میں جو رقم کم ہو رعایت دی جائیگی اور وہ افراد جو اپنی ذاتی تعمیرات کروائیں انہیں تین سال تک دس فیصد ٹیکس کریڈٹ یا دس لاکھ روپے جو رقم بھی کم ہو رعایت دی جانے کی تجویز ہے اس رعایت کا اطلاق یکم جولائی 2023 اور اس کے بعد سے شروع ہونے والے تعمیراتی منصوبوں پر ہوگا۔

☆ استعمال شدہ کپڑے کم آمدنی والے لوگ خریدتے ہیں اور ان کی درآمد پر اس وقت 10 فیصد ریگولیٹری ڈیوٹی عائد ہے جس کو ختم کیا جا رہا ہے۔

☆ قومی بچت کے سنٹرز کے ذریعے کم آمدن والے افراد کے لئے مائیکرو ڈیپازٹ کی نئی اسکیم یکم جولائی 2023 سے شروع کی جا رہی ہے جس پر شرح منافع نسبتاً زیادہ ہوگا۔

☆ انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) کے شعبے کو وسعت دینے کیلئے اسے "اسمال اینڈ میڈیم سائزڈ انٹر پرائزز" (ایس ایم ایز) کا درجہ دینے کا اعلان کر دیا۔ آئی ٹی کے کاروبار کو ایس ایم ایز کا درجہ دینے سے مذکورہ شعبہ جات کے کاروباری حضرات کو ٹیکس کی مد میں فائدہ ہوگا اور انہیں کاروبار کرنے میں آسانیاں ہوں گی۔ آئی ٹی برآمدات بڑھانے کے لیے 0.25 فیصد کی رعایتی شرح لاگو ہے اور مذکورہ سہولت جون 2026 تک جاری رکھی جائے گی۔ شعبے کو رعایتی انکم ٹیکس ریٹس میں فائدہ ملے گا۔

☆ وفاقی بجٹ میں ایف بی آر نے خاص قسم کی آمدن ، منافع اور فوائد پر اضافی ٹیکس لگانے کا اختیار مانگ لیا ہے۔ 99 ڈی کے تحت اضافی آمدن ، منافع یا فوائد پر تجویز کیا گیا ہے کہ اس آرڈیننس میں یا کسی اور قانون کے تحت جو کچھ لاگو ہے اس کے علاوہ آئندہ کے پانچ سال کے لیے جو کے ٹیکس سال 2023 سے شروع ہوں گے ، کسی دوسرے ٹیکس کے ساتھ جو ادا کیا جا رہا ہو یا آرڈیننس کی کسی شق کے تحت قابل ادا ہو کسی بھی ایسے شخص یا افراد پر مشتمل جماعت پر اضافی ٹیکسز بھی لگائے جاسکیں گے جسے کسی معاشی عنصر یا عناصر کی بدولت کوئی آمدن، منافع یا فائدہ حاصل ہوا ہو خواہ یہ اس کی فنانشل اسٹیٹمنٹ میں ظاہر کیا گیا ہو یا نہ ہو۔ وفاقی حکومت ایک نوٹیفکیشن کے ذریعے سرکاری گزٹ میں ) ا( ان معاشی عناصر ) بشمول بین الاقوامی نرخوں میں تبدیلی لیکن ان تک محدود نہیں ) کا تعین کرے گی۔ (ب (ایسی شرح کا تعین کرگی جو کہ ایسی آمدن کے 50 فیصد سے زائد نہیں ہوگی۔ (ج (اور اس قسم کے ٹیکس کا اسکوپ وقت اور پیمنٹ کا تعین اس طور سے کر گے گی کہ




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

طے شدہ شرائط پوری ہوسکیں۔ (د) کسی شخص یا لوگوں کے گروپ کو استثنیٰ دینے یا ان پر اسے لاگو کرنے کی شرائط کا تعین کرے گی۔

☆ وفاقی حکومت نے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں بیرون ملک سے رقم بھیجنے والوں کو مراعات دینے کا فیصلہ کیا ہے۔سالانہ 50ہزار ڈالر سے زائد ترسیلات زر بھیجنے والوں کو ڈائمنڈ کارڈ جاری ہوگا۔ترسیلات زر کو فروغ دینے کیلئے مراعات دی جارہی ہیں، ترسیلات زر کے ذریعے غیر منقولہ جائیداد خریدنے پر 2فیصد ٹیکس ختم کیا جارہا ہے۔ ریمٹنس کارڈ کی کیٹیگری میں ایک نئے ڈائمنڈ کارڈ کا اجرا کیا جارہا ہے۔وزیر خزانہ نے کہا کہ ڈائمنڈ کارڈ رکھنے والے کو پاکستانی ایئرپورٹس پر فاسٹ ٹریک امیگریشن کی سہولت ملے گی۔ ڈائمنڈ کارڈ پر ایک غیر ممنوعہ بور لائسنس جاری کیا جائیگا، ڈائمنڈ کارڈ پر گریٹس پاسپورٹ اور سفارتخانوں میں ترجیحی رسائی ملے گی۔ ریمٹنس کارڈ ہولڈرز کو قرعہ اندازی کے ذریعے بڑے انعامات دینے کی اسکیم کا اجرا ہوگا۔

☆ مالی سال کے مالیاتی بل میں انکم ٹیکس آرڈیننس 2001ء میں ترامیم تجویز کی گئی ہیں۔ایک تجویز سیکشن فور سی کے تحت سپر ٹیکس کی ریشنلائزیشن کی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ 15 کروڑ روپے سالانہ اضافی آمدنی والوں سے سپر ٹیکس وصول ہوگا۔ سپر ٹیکس کیلئے اضافی تین نئی انکم سلیب تجویز کی گئی ہیں۔ ایک سلیب 35 کروڑ سے 40 کروڑ روپے سالانہ آمدنی والوں کی ہے ' دوسری 40 کروڑ سے 50 کروڑ سالانہ آمدنی والوں کی ہے اور تیسری 50 کروڑ روپے سے زیادہ سالانہ آمدنی والوں کی ہے۔ پہلی انکم سلیب جو 35 کروڑ سے 40 کروڑ روپے تک سالانہ آمدنی والوں کی ہے اُن سے 6فیصد سپر ٹیکس وصول ہوگا۔ 40 سے 50 کروڑ سالانہ آمدنی رکھنے والوں سے 8فیصد سپر ٹیکس لیا جائیگا اور 50 کروڑ روپے پر سالانہ سے زیادہ آمدنی والوں سے 10فیصد سپر ٹیکس لینے کی تجویز ہے۔

☆ سالانہ 50لاکھ روپے کی بجائے نئے مالی سال میں ایک لاکھ ڈالر اوور سیز پاکستانیز وطن لاسکیں گے ' اُن سے اِن ایک لاکھ ڈالرز سالانہ کا سورس یا ذریعہ آمدنی نہیں پوچھا جائیگا۔

☆ کمپنیاں ٹیکس سے بچنے کیلئے کیش ڈیویڈنڈ تقسیم کرنے کی بجائے بونس شیئرز جاری کرتی ہیں اسلئے ان کا نئے ڈیویڈنڈ پر ٹیکس جمع کرنے کی غرض سے لسٹڈ اور نان لسٹڈ کمپنیوں پر 10فیصد کی شرح سے ٹیکس عائد کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔

☆ چھوٹی صنعتوں کیلئے علیحدہ کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی قائم، وفاقی بجٹ میں اسمال میڈیم انٹر پرائزز کے لئے سالانہ ٹرن اوور 25 کروڑ روپے سے بڑھا کر 80 کروڑ روپے کر دیا گیا ہے، ایس ایم ایز آسان فنانس اسکیم کو دوبارہ شروع کیا جائے گا۔

☆ وفاقی حکومت نے رواں مالی سال کے بجٹ کے ساتھ اہم قوانین متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔حکومت نے ڈالر اور دیگر کرنسی کی ذخیرہ اندوزی پر سزا دینے کے لئے قانون سازی کا فیصلہ کیا ہے۔ملک میں غیر ملکی کرنسی لانے کی حد بڑھانے کے لئے قوانین متعارف کرائے جارہے ہیں۔غیر ملکی کرنسی کی ذخیرہ اندوزی پر قید اور جرمانے کی سزا کے لئے قانون سازی کی جائے گی، غیر ملکی کرنسی کی ذخیرہ اندوزی کرنے والے اداروں اور افراد پر اس نئے قانون کا اطلاق ہوگا۔ ملک میں غیر ملکی کرنسی لانے کی حد بڑھانے کے لئے قوانین متعارف کرائے جارہے ہیں۔

☆ بجٹ میں وومین امپاورمنٹ کیلئے 5ارب روپے مختص کیے گئے ہیں، کاروباری خواتین کیلئے ٹیکس کی شرح میں بھی چھوٹ دی گئی ہے،نوجوانوں کی جانب سے شروع کیے جانے والے کاروبار سے ہونے والی آمدنی پر ٹیکس کی شرح 50فیصد تک کم کرنے کی تجویز ہے ، یہ رعایت انفرادی یا اے او پی کی صورت میں بیس لاکھ روپے تک اور کمپنی کی صورت میں 50لاکھ روپے تک ہوگی۔

☆ وفاقی حکومت نے اسلام آباد کی حدود میں ہوٹلز ، موٹلز، گیسٹ ہاؤسز، فارم ہاؤسز، شادی ہالز، لانز، کلبز اور کیٹرنگ سروسز پر 15فی صد ٹیکس عائد کردیا۔اس کے علاوہ نئے مالی سال کے بجٹ میں وفاقی دارالحکومت کی حدود میں ریسٹورنٹس، کافی شاپس، فوڈ، آئسکریم پارلر، کافی ہاؤسز، ڈیرہ فوڈ، ہٹ اور تیار شدہ فوڈ سپلائی کی سروسز فراہم کرنے والوں کو کریڈٹ کارڈ ، موبائل والٹ کیو آر کوڈ کے ذریعے ادئیگیوں پر 5فی صد جب کہ کیش ادائیگی پر 15فی صد ٹیکس عائد کردیا۔اس حوالے سے ایف بی آر نے فنانس بل 24-2023 کے ذریعے اسلام آباد کی حدود میں (ٹیکس آن سروسز ( آرڈیننس 2001 میں ترامیم تجویز کردی ہیں۔

☆ حکومت نے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں 1300 سی سی سے زائد گاڑیوں پر عائد ڈیوٹی اور ٹیکسز کی حد ختم کردی۔ 1300 سی سی سے زائد کی وہ گاڑیاں جو ایشیا میں تیار کی گئیں ہیں اُن پر عائد ڈیوٹی اور ٹیکسز کی حد ختم کی جارہی ہے۔ایشیا میں تیار کی جانے والی پرانی اور استعمال شدہ 1800 سی سی تک کی گاڑیوں کی درآمد پر ڈیوٹیز اور ٹیکسز کو محدود کردیا گیا تھا۔اب 1300 سی سی سے اوپر کی گاڑیوں کے ڈیوٹی اور ٹیکسز کی حد بندی ختم کی جاری رہی ہے۔اس کے علاوہ مقامی سطح پر تیار نہ ہونے والی کمرشل گاڑیوں کی سی کے ڈی کی صورت میں درآمد پر کسٹمز ڈیوٹی کی شرح کو دس فیصد سے کم کر کے پانچ فیصد کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔

☆ وفاقی حکومت نے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں نان فائلرز پر پچاس ہزار کیش نکلوانے پر ٹیکس کی شرح میں اضافہ کردیا۔حکومت کی جانب سے نان فائلرز کے گرد گھیرا مزید تنگ کردیا گیا، جس کے تحت بینک سے کیش نکلوانے پر پچاس ہزار سے زائد رقم نکلوانے پر 0.6 فیصد ٹیکس عائد کرنے کی تجویز کی گئی ہے۔کمرشل درآمدات پر ٹیکس ریٹ میں 0.50 فیصد اضافہ کی تجویز دی گئی ہے۔بجٹ میں بینک سے کیش نکلوانے پر پچاس ہزار سے زائد رقم نکلوانے پر 0.6 فیصد ٹیکس عائد کرنے کی تجویز دی گئی ہے جبکہ فائلر پر ود ہولڈنگ ٹیکس کی شرح ایک فیصد سے بڑھا کر پانچ فیصد کرنے کی تجویز جبکہ نان فائلر پر یہ شرح دس فیصد کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔

☆ بجٹ میں آف شور ڈیجیٹل خدمات پر ٹیکس 10 سے بڑھا کر 15فیصد، سمندر پار پاکستانیوں کے لیے ٹیکس میں رعایت دینے، سمندر پار پاکستانیوں کی کرائے کی آمدن پر ود ہولڈنگ ٹیکس کی شرح 2 سے کم کر کے ایک فیصد کرنے، سمندر پار پاکستانیوں کے پراپرٹی خریدنے پر ود ہولڈنگ ٹیکس 2فیصد سے کم کر کے ایک فیصد کرنے اور سمندر پار پاکستانیوں کی سالانہ 2 کروڑ کی کرائے کی آمدن پر فکس 10فیصد ٹیکس مقرر کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔بجٹ میں تعمیراتی سامان کی سپلائی پر ٹیکس 4 سے بڑھا کر 5 فیصد کرنے، کنٹریکٹرز پر 7سال کے لیے ٹیکس 4.5 سے بڑھا کر 5.5فیصد کرنے اور سالانہ 15 کروڑ سے 20 کروڑ روپے کے منافع پر ایک فیصد سپر ٹیکس کی تجویز دی گئی ہے۔

☆ پراپرٹی سیکٹر میں نان فائلرز کیلئے وِد ہولڈنگ ٹیکس دوگنا کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، مجوزہ فنانس بل کے مطابق نان فائلرز کیلئے پرائز بانڈز کی خرید وفروخت کرنے والوں پر وِد ہولڈنگ ٹیکس بڑھایا جائے گا، پراپرٹی سیکٹر میں پلاٹ کی خرید وفروخت پر وِد ہولڈنگ ٹیکس نان فائلرز کیلئے دوگنا ہوگا، بجٹ میں نان فائلرز کے وِد ہولڈنگ ٹیکس کی شرح فائلرز کی نسبت دوگنی کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔بجٹ میں رئیل اسٹیٹ کا لین دین دستاویزی بنانے کے لیے سخت اقدامات کا فیصلہ کیا گیا ہے، غیر استعمال شدہ رہائشی، کمرشل، انڈسٹری پلاٹ اور فارم ہاؤس پر ٹیکس لگے گا۔

☆ حکومت نے ٹیکس قوانین کی خلاف ورزی یا ملک سے سامان اسمگل کرنے والوں کے لیے سزائیں اور جرمانے متعارف کرائے ہیں۔شائع رپورٹ کے مطابق فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) پارلیمنٹ میں بجٹ 24-2023 کی منظوری کے فوراً بعد مختلف جرائم کے لیے جرمانوں کا اعلان کرے گا۔فنانس بل 2023 کے مطابق جو بھی شخص کسٹمز ایکٹ 1969 کے سیکشن 79 یا 131 کے تحت مطلوبہ دستاویزات فراہم یا اپ لوڈ کرنے میں ناکام رہتا ہے، اسے 50ہزار روپے تک جرمانے کا سامنا کرنا پڑے گا۔حکومت ضروری اور ممنوع اشیا کی اسمگلنگ کی سزا کو مزید سخت کرنے کی تجویز دے رہی ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ جو لوگ ان اشیا کی اسمگلنگ کرتے ہوئے پکڑے گئے انہیں سنگین نتائج کا سامنا کرنا پڑے گا۔بل میں اسمگلنگ کی تعریف کو تبدیل کرنے کی تجویز دی گئی ہے تاکہ کسٹمز کو ملک کے اندر انسداد اسمگلنگ آپریشن کی اجازت دی جاسکے۔مزید برآں، صوبائی لیویز اور خاصہ دار فورس کو ان ایجنسیوں کی فہرست میں شامل کیا جارہا ہے جو خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں انسداد سمگلنگ آپریشنز میں کسٹمز کی مدد کرسکتی ہیں۔

☆ حکومت نے شپمنٹ کے اندر دستاویزات نہ ہونے پر جرمانہ ختم کردیا ہے، اس کے علاوہ تجارت کو آسان بنانے کے لیے الیکٹرانک طور پر دستاویزات اپ لوڈ نہ کرنے کے جرمانے میں نرمی کی جارہی ہے۔بل میں سرحدی کسٹم اسٹیشنوں پر کھیپ پہنچنے کے بعد بھیڑ کو کم کرنے کے لیے گڈز ڈیکلریشن فائل کرنے کے لیے درکار



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

وقت کو کم کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔اس کے علاوہ تاجروں کی مدد کے لیے خراب ہونے والے سامان کے لیے گودام کی مدت ایک ماہ سے بڑھا کر تین ماہ کی جا رہی ہے۔تیزی سے کلیئرنس اور انسانی تعامل میں کمی یقینی بنانے کے سلسلے میں تاجروں کے پاس فیصلہ کے لیے کسٹم کمپیوٹرائزڈ سسٹم استعمال کرنے کا اختیار ہوگا، اپنے سامان کے ڈکلیریشن فائل نہ کرنے والے مسافروں کے گروپوں کو سہولت فراہم کرنے کے لیے حکومتی گروپ کے ایک نمائندے کو تمام ممبروں کے لیے ایک ڈکلیریشن دائر کرنے کی اجازت دے رہی ہے۔

☆ فنانس بل نے سیلز ٹیکس ایکٹ کے سیکشن (23)33 کو تبدیل کر دیا ہے تاکہ جعلی یا گمشدہ ٹیکس اسٹیمپس، بینڈ رولز، اسٹیکرز، لیبلز یا بارکوڈز کے ساتھ سامان کی فروخت سے متعلق جرائم پر قابو پایا جا سکے۔

☆ آئی ٹی او میں غیر متوقع آمدنی یا منافع پر ٹیکس لگانے کے لیے ایک نیا سیکشن 99 ڈی تجویز کیا جا رہا ہے جو یا تو ظاہر ہیں یا ظاہر نہیں ہیں، یہ ٹیکس اس وقت لاگو ہوگا جب کسی اقتصادی عنصر کے نتیجے میں غیر متوقع آمدنی ہوتی ہے، اقتصادی عوامل میں بین الاقوامی قیمتوں اور غیر ملکی کرنسی میں اتار چڑھاؤ شامل ہیں۔یہ ٹیکس برآمد کنندگان، تجارتی بینکوں، غیر ملکی کرنسی کے ڈیلرز اور دیگر کو متاثر کر سکتا ہے، مجوزہ ٹیکس کی شرح آمدنی، نفع یا منافع کے 50 فیصد تک ہے، ایف بی آر کے پاس اس سیکشن کے تحت ٹیکس لگانے کا وسیع صوابدیدی اختیار ہے، ٹیکس کی تفصیلات سرکاری گزٹ میں ایک نوٹیفکیشن کے ذریعے بیان کی جائیں گی۔

☆ حکومت نے نئے مالی سال کے بجٹ میں 223ارب روپے کے نئے ریونیو اقدامات کا اعلان کیا ہے تاہم فروری کے وسط میں متعارف کروائے گئے منی بجٹ میں شامل تمام ٹیکسز کو برقرار رکھا۔رپورٹ کے مطابق سپلیمنٹری بجٹ میں جن ریونیو اقدامات کا اعلان کیا گیا اُن میں جنرل سیلز ٹیکس (جی ایس ٹی) کو 17 فیصد سے بڑھا کر 18 فیصد، لگژری آئٹمز کی درآمد پر 25 فیصد سیلز ٹیکس اور سگریٹ اور مشروبات پر ٹیکس بڑھا دیا گیا ہے، اس سے حکومت کو 500ارب روپے سے زائد اضافی ریونیو حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔

☆ غیر ملکی گھریلو ملازمین کے لیے ورک پرمٹ/ویزہ جاری کرتے وقت 2 لاکھ روپے کا ایڈجسٹ ایڈوانس ٹیکس وصول کیا جائے گا۔

☆ حکومت نے برانڈ ناموں یا ٹریڈ مارک کے تحت بلک میں فروخت ہونے والی خوردنی مصنوعات پر سیلز ٹیکس واپس لے لیا ہے، چمڑے اور ٹیکسٹائل کی مصنوعات کا کاروبار کرنے والے پوائنٹ آف سیل خوردہ فروشوں کی جانب سے کی جانے والی سپلائی پر سیلز ٹیکس 12 فیصد سے بڑھا کر 15 فیصد کر دیا گیا ہے۔

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
0308-2933229

# عمومی حالات رہے تو جون کے بعد مہنگائی کم ہونا شروع ہو جائے گی، اسٹیٹ بینک

